رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 124-II) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم پرچہ : I

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 5023 مارکس : 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - "مؤنث" لفظ ہے

(A) غزل (B) گلاب (C) سراب (D) بادل

2 - "امید" کا متضاد ہے

(A) بےاُمید (B) نااُمیدی (C) بےاُمیدی (D) کم اُمید

3 - "مناظر" کا واحد ہے

(A) نظارہ (B) منظر (C) منظروں (D) نظارے

4 - خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے

(A) طیور (B) بلبل (C) قمری (D) طائر

5 - پنجابی / سرائیکی لفظ "سُتھن" سے مراد ہے

(A) قمیص (B) چادر (C) شلوار (D) بنیان

6 - بڑے اُلو کو کہتے ہیں

(A) مہا اُلو (B) شاہ اُلو (C) بوم (D) چغد

7 - جمن جس وضع کا آدمی تھا

(A) صلح پسند (B) لڑاکا (C) امن پسند (D) ڈرپوک

8 - پلنگ پر چادر اوڑھ کر سو گئے

(A) جنابِ ابوبکرؓ (B) جنابِ عامرؓ بن فہیرہ (C) جنابِ امیرؓ (D) جنابِ عبداللہؓ

9 - "شخص" کی جمع ہے

(A) شخصیت (B) شخصیات (C) اشخاص (D) شخصوں

10 - "مذکر" لفظ ہے

(A) راگ (B) زندگی (C) قدرت (D) برسات

11 - وِلسن روڈ کا بنگلا جس نے بنوایا تھا

(A) جانسن (B) وِلسن (C) بیکن (D) وِلیم

12 - لفظ "ملت" کا درست تلفظ ہے

(A) مَلَّت (B) مِلَّت (C) مَلّت (D) مِلُت

13 - "توبۃ النصوح" کی صنف ہے

(A) ناول (B) افسانہ (C) ڈرامہ (D) مضمون

14 - میر تقی میرؔ پیدا ہوئے

(A) 1721ء (B) 1722ء (C) 1724ء (D) 1723ء

15 - فرمانِ امن لکھا گیا

(A) کپڑے پر (B) چمڑے پر (C) کاغذ پر (D) دھات پر